# Hypospadias (Stage 1) کے بعد کی احتیاط

عام طور پر اس آپریشن کے بعد مریض بغیر کسی پیچیدگی کے ٹھیک ہو جاتے ہیں. لیکن کچھ ضروری احتیاط ابھی بتائی جا رہی ہے

**پٹی کی احتیاط**

- اس آپریشن کے بعد جو پٹی کی گئی ہے وہ کئی تہوں میں ہے. سب سے نیچے ایک پلاسٹک کی پٹی ہے جو زخم کے گرد لپیٹی ہی ہے. اس کے اوپر ایک سفید رنگ کی پٹی لپیٹی ہوئی ہے. اور پھر دو تہیں پلاسٹک کی پٹی کی ہیں۔ آپریشن کے بعد نیچے والی پٹی تھوڑا خون رسنے کی وجہ سے سرخ ہو سکتی ہے جو کہ پریشانی کی بات بالکل بھی نہیں ہے. پریشن کے بعد پٹی آپ کو اسطرح نظر آے گی ۔



- یہ پٹی بچے کی روزمرہ کی حرکت کے ساتھ خود ہی گر جائے گی . یہ پٹی گرنے کے بعد دوبارہ پٹی کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بعض اوقات پٹی پوری نہیں گرتی اور زخم کے کسی حصّے سے چپکی رہتی ہے ۔ ایسی صورت میں بچے کو اچھی طرح نہلائیں اور احتیاط سے یہ پٹی گھر پر ہی اتار لیں۔
- چھوٹے بچوں میں جو کہ ڈایپر لگاتے ہیں ، کئی مرتبہ پاخانہ پٹی پر لگ جاتا ہے یا پٹی کے اندر جا سکتا ہے. ایسی صورت میں اسے گیلے کپڑے سے صاف کر لیں اور پٹی اترنے کا انتظار کریں ۔
- اگر آپریشن کے ایک ہفتہ تک پٹی نہ اترے تو بچے کو پانی کے ٹب میں اچھی طرح بٹھائیں اور تقریباً ۳۰ منٹ تک زخم والی جگہ کو ڈبویا رہنے دیں۔اس کے بعد پٹی بالکل نرم ہو جائے گی اور اپ اس کو احتیاط سے اتار سکتے ہیں۔
- پٹی اترنے کے بعد آپریشن والی جگہ پر سوزش نظر آتی ہے جو کہ والدین کو پریشان کر دیتی ہے۔ یہ سوزش ختم ہونے میں کئی ماہ تک لگ سکتے ہیں ۔ اس لیے اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں۔

## کریم

پٹی اترنے کے بعد زخم پر کوئی قدغن /کریم لگانے کی ضرورت نہیں۔ آپ پولی فیکس کریم اس جگہ پر لگا سکتے ہیں تاکہ یہ جگہ ڈائپر کے ساتھ نہ چپکے۔

پیشاب کی نالی اترنے کے بعد پہلے ۴ ہفتے دِن میں کئی مرتبہ Vaselline کریم لگائیں۔ یہ چار ہفتے لگانے کے بعد چھوڑ دیں۔ اور پھر Betnovate Caream شروع کریں۔ یہ بھی دِن میں چار سے پانچ مرتبہ لگائیں اور مسلسل تین ماہ تک استعمال کریں۔

## پیشاب کی نالی (Catheter)

نالی کتنے دن رہے گی .یہ بات آپ کو ڈاکٹر ہی بتائیں گے .کیونکہ کچھ بچوں میں یہ نالی دن رکھی جاتی ہے جبکہ کچھ میں 14 دن رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔



- عام طور پر نالی کے آگے ایک بیگ لگا ہوتا ہے جس میں پیشاب جمع ہوتا ہے .آپ وقتاً فوقتاً یہ بیگ خالی کرتے رہیں۔
- آپ اس بیگ کو اتار سکتے ہیں اور ڈائریکٹ نالی کو ڈائپر میں بھی رکھ سکتے ہیں .تاکہ جو بھی پیشاب باہر آئے وہ سیدھا ڈائپر میں جائے۔
- یہ نالی ایک دھاگے کے ذریعے جسم کے ساتھ باندھی گئی ہے .اگر وقت مقررہ سے پہلے نالی نکل آئے اور بچہ پیشاب کرتا رہے تو ہم نالی دوبارا نہیں ڈالتے۔ لیکن اگر نالی حادثاتی طور پر گھر میں نکل آئے اور بچے کو پیشاب نہ آ رہا ہوں یا پیشاب میں پریشانی ہو رہی ہو تو فورا ہسپتال آئیں کہ ایسی صورت میں دوبارہ نالی ڈالنی پڑھ سکتی ہے۔ اگر یہ نالی جسم سے باہر آ جائے اور صرف دھاگے کے ساتھ چپکی ہو تو آپ گھر میں قینچی سے یہ دھاگہ کاٹ کر نالی ہٹا سکتے ہیں۔



- اگر نالی کی وجہ سے آپریشن کی جگہ میں کوئی کھینچ آ رہی ہوں اور دکھائی دے کہ اس کی وجہ سے

بچہ درد میں ہے تو آپ پولی فیکس کریم نالی پر لگائیں اور آہستہ سے نالی کو اندر کر دیں تاکہ ٹانکے پر اب مزید کھچاؤ نہ ہو۔

- عام طور پر یہ نلکی ہم خود بلاکر اتارتے ہیں سو آپ کو جو بھی تاریخ دی جائے اس پر آکر یہ نلکی اتروائیں۔

## کب نہلائیں

عام طور پر آپریشن کے پانچ یا چھ دن بعد پہلی پٹی اتاری جاتی ہے۔ جس دن پٹی اترنی ہو، ہسپتال آنے سے پہلے اچھی طرح نہائیں۔ نہاتے ہوئے پٹی گیلی ہو گی اور کچھ پانی نلکی میں بھی جا سکتا ہے جو کہ مکمل طور پر نارمل ہے۔ نلکی نکلنے کے بعد دن میں دو مرتبہ نہانا ضروری ہے جو کہ صفائی رکھنے کے کام آتا ہے اور اس سوج بھی کم کرتا ہے۔

## دوائیں

آپریشن کے بعد پہلے دو سے تین درد زیادہ ہوتا ہے۔ ہم عام طور پر پیناڈول اور بروفن کا سیرپ استعمال کرتے ہیں۔ پیناڈال سیرپ دن میں چار مرتبہ ہر چھ گھنٹے بعد (جیسا کہ صبح چھ بجے، دوپہر بارہ بجے، شام چھ بجے، رات بارہ بجے) دیں۔ اگر درد زیادہ ہو تو بروفن سیرپ بھی ساتھ دے سکتے ہیں مگر اس کا ٹائم تین گھنٹے کے بعد ہو گا (جیسا کہ صبح 9 بجے، شام دوپہر 3 بج، شام نو بجے ،رات تین بجے) تاکہ بچے کو ہر تین گھنٹے بعد ایک درد کی دوا مل جائے۔

بڑے بچوں اور مردوں میں بھی اسی طرح پیناڈال اور بروفن دی جاتی ہے مگر ان میں ہم کچھ اور دوائیں بھی ساتھ دیتے ہیں۔

بڑے بچوں اور مردوں میں نالی کی وجہ سے مثانہ پر بوجھ محسوس ہوتا ہے اور انہیں نفس کے پاس درد بھی ہو سکتا ہے جس کی دوائی بھی انہیں دی جاتی ہے۔

اگر کسی دوا کی وجہ سے بچے کو قبض محسوس ہو تو آپ بچے کو پانی فروٹ اور سبزی کا استعمال زیادہ کر دیں۔ اگر اس سے بھی قبض ٹھیک نہ ہو تو قبض کشا دوائی دے سکتے ہیں۔ آپریشن کے بعد اینٹی بائیو ٹکس دی جاتی ہے جو کہ نلکی اترنے کے بعد عام طور پر بند کر دی جاتی ہے۔

## ٹانکے

اگرچہ اس آپریشن میں بہت سے ٹانکے لگائے جاتے ہیں مگر وہ سب خود بخود جذب ہو جاتے ہیں۔ صرف ایک ٹانکہ جس کے ذریعے نالی نفس کے ساتھ لگی ہوتی ہے اس کو نکالنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

## بخار

آپریشن کے بعد پہلی رات بخار ہو سکتا ہے جو کہ نارمل ہے اور اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں. آپریشن کے کچھ دن بعد بخار، چڑچڑاپن، کان یا گلے کا انفیکشن ہونے کی صورت میں فوری ڈاکٹر کو دکھائیں۔

## زخم

کبھی کبھار آپریشن کے بعد ٹانکے ٹوٹ کر کھل جاتے ہیں اور یہ نفس کے اگلے حصے پر ہو سکتا ہے۔اگر جلد سرخ ہو جائے یا چھونے پر گرم محسوس ہو اور درد میں اضافہ ہو جائے تو آپ کو ڈاکٹر کو دکھانے کی ضرورت ہے۔ٹانکے کھلنے کی صورت میں پانی کے ٹب میں تیس منٹ کے لئے روزانہ دو مرتبہ بچے کو بٹھایا اور زخم پر پولی فیکس لگانا شروع کر دیں۔عام طور پر یہ زخم خود بخود ٹھیک ہو جاتے ہیں اور مزید کچھ کرنے کی ضرورت نھیں ہوتی۔

## سرگرمیاں(Activities)

عام طور پر ہم بچوں کو سرگرمیاں محدود کرنے کا نھیں کہتے۔تاھم کھلونے جیسا کہ جمپر (Jumper) ،سائیکل چلانے سے پرہیز کروائیں۔مردوں کو دو ھفتے تک تیراکی، فٹبال، بھاری بھرکم کام یا ایسی کھیلوں سے احتیاط کرنی ہے۔

## (Emergency)ہنگامی صورتحال

اس آپریشن کے بعد ہنگامی صورتحال( Emergency) ہونے کے خدشات بہت کم ہیں اور زیادہ تر حالات میں آپ کلینک کے ٹائم (شام چار بجے سے آٹھ بجے کے دوران) فون کر کے بات کر سکتے ہیں۔اگر کوئی ایمرجنسی صورتحال ہو یا فوری مسئلہ ہو تو بچے کو لے کر ہسپتال کسی بھی وقت آ سکتے ہیں۔

اس آپریشن کے بعد کسی بھی مسئلے کیلئے ایمرجنسی میں موجود ڈاکٹر کے پاس یا کسی اور کلینک پر مت جائیں۔عام طور پر ایمرجنسی میں موجود ڈاکٹر اس بیماری اور اس کی احتیاط کو نہیں جانتے ہوتے اور انہیں معلوم نہیں ہوتا کہ کیا کرنا چاہیے۔ہم نہیں چاہتے کہ ہم سے مشورہ کئے بغیر کوئی ڈاکٹر اس جگہ کو چھوئے۔سو اگر کوئی بھی ایمرجنسی صورتحال ہو تو کسی بھی وقت اسی ھسپتال آ جائیں یا ہمارے واٹس ایپ نمبر 03343307728 پر تصویر بھیجیں اور ہم سے رابطہ کریں۔